


# دادی کے ساتھ چھٹیاں

# Les vacances avec grand-maman


Violet Otieno
Catherine Groenewald
Samrina Sana

Urdu / French
Level 4

storybookscanada.ca



اُوڈونگو اور اپییو شہر میں اپنے والد کے ساتھ رہتے تھے۔ اُنہیں چھٹیوں کا انتظار تھا۔ نا صرف اس لیے کہ سکول بند ہو بلکہ وہ اپنی دادی کے گھر جا سکیں۔ وہ ایک بڑی ندی کے کنارے مچھلیاں پکڑی جانے والی گاوں میں رہتی تھیں۔

...


Odongo et Apiyo vivaient dans la ville avec leur père. Ils avaient hâte aux vacances. Non seulement parce que l’école serait fermée, mais parce qu’ils iraient rendre visite à leur grand-mère. Elle vivait dans un village de pêche près d’un grand lac.



اُوڈونگو اور اپییو بہت خوش تھے کیونکہ اُنہیں ایک بار پھر سے اپنی دادی کے گھر جانا تھا۔ ایک رات پہلے اُنہوں نے اپنا سامان باندھا اور گاوں جانے کے لمبے سفر کے لیے تیار ہوئے۔ وہ پوری رات سو نہیں سکے اور چھٹیوں کے بارے میں باتیں کرتے رہے۔

...

Odongo et Apiyo avaient hâte parce que c’était le temps de rendre visite à leur grand-mère de nouveau. La veille, ils ont fait leurs valises et se sont préparés pour le long voyage jusqu’à son village. Ils ne pouvaient pas dormir et ils ont parlé toute la nuit à propos des vacances.



اگلی صبح جلد ہی وہ اپنے ابو کی گاڑی میں گاؤں کے لیے روانہ ہوئے۔ وہ پہاڑوں، جنگلی جانوروں اور چائے کے پودوں کے پاس سے گزرے۔ اُنہوں نے گاڑیاں گنیں اور گانے گائے۔

...


Tôt le lendemain matin, ils sont partis vers le village dans la voiture de leur père. Ils ont vu des montagnes, des animaux sauvages et des plantations de thé. Ils ont compté des voitures et ont chanté des chansons.



تھوڑی دیر بعد بچے تھک گئے اور سو گئے۔

...

Après un certain temps, les enfants se sont endormis, fatigués.



والد نے اُوڈونگو اور اپییو کو اُٹھایا جب وہ گاوں پہنچ گئے۔ وہاں اُنہیں نیار کنیاڈا، اُن کی دادی درخت کے نیچے چٹائی پر آرام کرتی ہوئی ملیں۔ نیر کنیاڈا کا مطلب لو زبان میں کنیاڈا کے لوگوں کی بیٹی ہے۔ وہ ایک مضبوط اور خوبصورت عورت تھی۔

...

Papa réveilla Odongo et Apiyo lorsqu'ils arrivèrent au village. Ils ont trouvé leur grand-mère Nyar-Kanyada assied sous un arbre. En le luo, Nyar-Kanyada veut dire « fille du peuple de Kanyada ». Elle était une femme belle et forte.



نیار کنیاڈا نے اُن کو اپنے گھر میں خوش آمدید کہا اور کمرے میں خوشی سے اُن کے گرد جھومی اور گائی۔ اُس کے پوتے اُسے شہر سے لایا ہوا تحفہ دینے کے لیے بہت بے تاب تھے۔ پہلے میرا تحفہ کھولیں۔ اُوڈونگو نے کہا۔ نہیں، پہلے میرا تحفہ اپیو نے کہا۔

...

Nyar-Kanyada les a accueillis dans sa maison et a dansé tout autour de la salle en chantant de bonheur. Ses petits-enfants avaient hâte de lui donner les cadeaux qu'ils avaient apporté de la ville. « Ouvre mon cadeau en premier, » dit Odongo. « Non, ouvre le mien en premier ! » dit Apiyo.



تحفے کھولنے کے بعد نیار کنیاڈا نے اپنے پوتے اور پوتی کو روایتی انداز میں دُعا دی۔

...


Après avoir ouvert ses cadeaux, Nyar-Kanyada donna une bénédiction traditionnelle à ses petits-enfants.



اُوڈونگو اور اپییو باہر چلے گئے۔ اُنہوں نے تتلیوں اور پرندوں کا پیچھا کیا۔

...

Ensuite, Odongo et Apiyo sont sortis dehors. Ils ont poursuivit des papillons et des oiseaux.



وہ درخت پر چڑھے، اور ندی میں پانی اُڑایا۔

...


Ils ont grimpé des arbres et se sont éclaboussés dans l’eau du lac.



جب اندھیرا ہو گیا تو وہ کھانے سے پہلے گھر آ گئے۔ کھانے کے دوران ہی اُنہیں نیند آنے لگی۔

...

Quand la nuit tomba ils sont retournés à la maison pour souper. Avant qu’ils puissent finir de manger, ils s’endormaient !



اگلے دن بچوں کے ابو بچوں کو نیار کنیاڈا کے پاس چھوڑ کر شہر کے لیے واپس آ گئے۔

...

Le lendemain, le père des enfants est retourné à la ville, les laissant avec Nyar-Kanyada.



اُوڈونگو اور اپییو نے گھر کے کاموں میں اپنی دادی کی مدد کی۔ وہ پانی لاتے، آگ کے لیے لکڑی لاتے۔ اُنہوں نے انڈے اور چوزے اکٹھے کیے اور باغیچے سے سبزہ چنا۔

...

Odongo et Apiyo ont aidé leur grand-mère à faire les tâches ménagères. Ils sont allés chercher de l’eau et du bois de chauffage. Ils ont recueilli les œufs des poules et ont ramassé des verts dans le jardin.



نیار کنیاڈا نے اپنے بچوں کو لکڑی سے اُبلی ہوئی مکئی کھانا سیکھایا۔ اُس نے اُنھیں سیکھایا کہ مچھلی کے ساتھ ناریل چاول کیسے کھائے جاتے ہیں۔

...

Nyar-Kanyada a montré à ses petits-enfants comment faire de l’ugali mou pour manger avec du ragoût. Elle leur a montré comment faire du riz de noix de coco pour manger avec du poisson grillé.



ایک صبح اُوڈونگو اپنی دادی کے ساتھ گائیں کو چرانے لے گیا۔ وہ ہمسایوں کے باغیچے میں بھاگ گئیں۔ کسان اُوڈونگو سے کافی غصہ تھا۔ اُس نے اُسے گائیں کے فصلیں کھانے پر بہت دھمکایا۔ اُس دن کے بعد اُس نے یقینی بنایا کہ گائیں دوبارہ کسی مصیبت میں نہ پھنسیں۔

...

Un matin, Odongo a apporté les vaches de sa grand-mère paître. Elles se sont rendues dans la ferme d’un voisin. Le fermier était fâché envers Odongo. Il a menacé de garder les vaches pour avoir mangé ses récoltes. Après ce jour-là, le garçon a veillé à ce que les vaches n’attirent pas d’ennuis.



ایک اور دن بچے نیر کنیاڈا کے ساتھ بازار گئے۔ وہاں اُس نے سبزیاں، چینی اور صابن بیچنے کے لیے ٹھیلہ لگایا۔ اپیو خریداروں کو چیزوں کی قیمت بتاتی اور اُوڈونگو اُن کے خریدے ہوئے سامان کو باندھتا۔

...

Un autre jour, les enfants sont allés au marché avec Nyar-Kanyada. Elle avait un stand pour vendre des légumes, du sucre et du savon. Apiyo aimait donner le prix des articles aux clients. Odongo emballait ce que les clients achetaient.



دن کے ختم ہونے پر اُنہوں نے مل کر چائے پی۔ اُنہوں نے کمائے ہوئے پیسوں کو گننے میں اپنی دادی کی مدد کی۔

...

À la fin de la journée, ils ont bu du thé chai ensemble. Ils ont aidé leur grand-mère à compter l’argent qu’elle avait gagné.



لیکن بہت جلدی چھٹیاں ختم ہو گئیں اور بچوں کو اب شہر واپس جانا تھا۔ نیار کنیاڈا نے اُوڈونگو کو ایک ٹوپی اور اپیبو کو ایک جرسی دی۔ اُس نے اُن کے سفر کے لیے کھانا باندھا۔

...

Trop tôt, les vacances étaient terminées et les enfants devaient retourner à la ville. Nyar-Kanyada donna une casquette à Odongo et un chandail à Apiyo. Elle emballa de la nourriture pour leur voyage.



جب اُن کے ابو اُنہیں لینے آئے وہ جانا نہیں چاہتے تھے۔ بچوں نے نیار کنیاڈا کی منت کی کہ وہ اُن کے ساتھ شہر چلیں۔ میں شہر کے لیے بہت بوڑھی ہوں اُس نے مسکرا کر کہا۔ میں تمہارا دوبارہ گاوں آنے کے لیے انتظار کروں گی۔

...

Quand leur père est venu les chercher, ils ne voulaient pas partir. Les enfants ont supplié Nyar-Kanyada de venir avec eux à la ville. Elle sourit et dit, « Je suis trop vieille pour la ville. J’attendrai votre retour à mon village. »



اُوڈونگو اور اپییو دونوں نے اُنہیں زور سے گلے لگایا اور الوداع کہا۔

...

Odongo et Apiyo l’on tous les deux embrassé fort et lui on dit au revoir.



اُوڈونگو اور اپییو سکول واپس گئے، اُنھوں اپنے دوستوں کو گاوں کی زندگی کے بارے میں بتایا۔ کچھ بچوں نے محسوس کیا کہ شہر کی زندگی بہتر ہے لیکن اُن میں سے تقریباً سب نے اس بات کو مانا کہ اُوڈونگو اور اپییو کی دادی بہت شاندار ہیں!

...

Quand Odongo et Apiyo sont retournés à l’école ils ont raconté leurs histoires de la vie dans le village à leurs amis. Certains enfants croyaient que la vie en ville était bonne. D’autres étaient de l’avis que le village était meilleur. Surtout, tous étaient d’accord que Odongo et Apiyo avaient une grand-mère merveilleuse !

**Storybooks Canada**

storybookscanada.ca

# دادی کے ساتھ چھٹیاں

## Les vacances avec grand-maman

Written by: Violet Otieno
Illustrated by: Catherine Groenewald
Translated by: (ur) Samrina Sana, (fr) Alexandra Danahy

This story originates from the African Storybook (africanstorybook.org) and is brought to you by Storybooks Canada in an effort to provide children's stories in Canada's many languages.

This work is licensed under a Creative Commons Attribution 4.0 International License.